# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## حالتِ روزہ میں آنکھ،کان،ناک میں
## دوا ڈالنے کے مسائل



حالتِ روزہ میں **آنکھ** میں دوا ڈالنا جائز ہے
چاہے اس کا ذائقہ حلق میں محسوس ہی کیوں نہ ہو۔۔



حالتِ روزہ میں **کان** میں دوا ڈالنا جائز ہے۔۔



حالتِ روزہ میں **ناک** میں دوا کے قطرے ڈالنا یا اسپرے کرنا
اِس صورت میں جائز ہے کہ دوا حلق سے نیچے نہ اُترے۔۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



## حالتِ روزہ میں غذائی کمی کو دور کرنے کیلئے اور طاقت کیلئے طاقت کے انجکشن کا استعمال



آیت اللہ خوئیؒ اور آیت اللہ سیستانی کے نزدیک جائز ہے۔۔





آیت اللہ خمینیؒ اور آیت اللہ خامنہ ای کے نزدیک احتیاطِ واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے۔۔



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں ڈرپ کا استعمال چاہے دوا کیلئے ہو یا غذائی کمی کو دور کرنے کیلئے یا طاقت کے حصول کیلئے




آیت اللہ خوئیؒ اور آیت اللہ سیستانی کے نزدیک جائز ہے۔۔

آیت اللہ خمینیؒ اور آیت اللہ خامنہ ای کے نزدیک احتیاطِ واجب کی بناء پر جائز نہیں ہے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



سوال: روزے کی حالت میں بھاپ (Steam) لینے اور فیشل (Facial) کروانا کیسا ہے؟

جواب: بھاپ ناک میں پہنچنے سے روزہ باطل نہیں ہوتا۔

(البتہ اگر بھاپ پانی میں تبدیل ہو کر معدے میں جائے تو روزہ باطل ہو جائے گا)۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں عورت کا الٹراساؤنڈ یا اندرونی چیک اَپ کروانا

روزہ دار عورت کا حالتِ روزہ میں
کسی ڈاکٹر سے علاج کیلئے اندرونی چیک اَپ
(Pelvic Examination)
یا اندرونی الٹراساؤنڈ
(Transvaginal Ultrasound )
کروانا جائز ہے اور اِس سے روزہ باطل نہیں ہوتا



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حاملہ کب روزہ چھوڑ سکتی ہے؟

حاملہ یا اسکے بچے کے لئے روزہ رکھنا نقصان کا باعث نہ ہو تو روزہ رکھنا واجب ہے۔

حمل کے آٹھویں یا نویں مہینے میں اگر اسے خود یا اپنے بچے کے لئے نقصان کا خوف ہو
تو وہ روزہ چھوڑ سکتی ہے
بلکہ نقصان کے شدید خوف میں روزہ چھوڑنا واجب ہوجائے گا۔
البتہ بعدِ رمضان اُتنے ہی روزوں کی قضا کرے گی
اور 3 پاؤ کھانا یا آٹا وغیرہ کسی مستحق کو کفّارے کے طور پر دے۔

اگر حمل پہلے مہینے سے ساتویں مہینے کے آخر تک کا ہے
اور اس دوران روزہ اس کے لئے یا بچے کے لئے شدید نقصان کا باعث ہو تو وہ روزہ چھوڑ سکتی ہے۔
بعدِ رمضان صرف قضا کرنا ہے اور کوئی کفّارہ یا فدیہ نہیں دینا ہوگا۔

(استفتاء آیت اللہ سیستانی)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر کسی کو گردے کی ایسی بیماری ہو؟

اگر کسی کو گردے کی ایسی بیماری ہو
جس میں مریض کا بار بار پانی پینا بہت ضروری ہو
ورنہ اُس کے مرض کی شدّت میں اضافہ ہوجائے گا
یا شفایابی میں تاخیر ہوجائے گی
تو اس پر روزہ رکھنا واجب نہیں ہے اور بعدِ رمضان
جب روزہ رکھنے کے قابل ہو تو روزہ رکھے۔



00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## سوال

روزہ کی حالت میں
منہ میں برش کرنا کیسا ہے؟

**جواب: جائز ہے۔**

(بشرطیکہ باہر والے پانی کی رطوبت کو نہ نگلے)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


روزے کے چند اہم فقہی مسائل
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حالتِ روزہ میں
بلڈ ٹیسٹ
حالتِ روزہ میں مختلف بیماریوں کیلئے ڈاکٹرز
جو خون ٹیسٹ کرواتے ہیں ان کیلئے لیبارٹری
جا کر خون نکلوانا جائز ہے اور اِس سے روزہ
باطل نہیں ہوتا۔۔
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



## حالتِ روزہ میں جسم میں جذب ہونے والی چیزوں کا استعمال

حالتِ روزہ میں مرہم، کریم ، تیل ، Ointments
Lotions یا deodorants کا استعمال جائز ہے
جو کھال میں جذب ہوجاتے ہیں اور اُن کے استعمال
سے روزہ باطل نہیں ہوتا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## حالتِ روزہ میں بلغم نگلنے کا مسئلہ

آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ میں
بلغم کو نگلنے سے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑتا
البتہ افضل اور احتیاط یہ ہے کہ اِسے نہ نگلا جائے۔

لیکن آیت اللہ خامنہ ای اور آیت اللہ خوئیؒ کے نظریہ میں
احتیاطِ واجب کے طور پر اسے نہ نگلا جائے۔


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



## اگر ڈکار لینے پر غذا منہ میں آ جائے.!

اگر روزے دار ڈکار لے اور کھائی ہوئی غذا میں سے کچھ اس کے منہ میں آجائے تو ضروری ہے کہ اسے تھوک دے اگر وہ اسے جان بوجھ کر نگل لے تو اس کا روزہ باطل ہو جائے گا اور ضروری ہے کہ اس کی قضا کرے اور کفارہ بھی ادا کرے ـــ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

سوال: حالتِ روزہ میں خون کا عطیہ دینا کیسا ہے۔؟

جواب: جائز ہے۔ البتہ اگر کمزوری کا سبب ہو تو خون دینا مکروہ ہے۔

(لیکن اگر کسی کی جان بچانی ہو تو عطیہ خون واجب بھی ہو سکتا ہے)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



حالتِ روزہ میں آنکھوں میں سُرمہ لگانا
جائز ہے۔ لیکن اگر اس کا مزہ یا بُو
حلق تک پہنچے تو مکروہ ہے۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## صحیح روزہ کو باطل سمجھ کر پھر کچھ کھا یا پی لیا جائے تو۔؟

اگر کسی نے بھولے سے روزہ میں کچھ کھا پی لیا ہو اور غلط فہمی میں یہ سمجھتے ہوئے کہ اب تو میرا روزہ ٹوٹ ہی گیا ہے پھر جان بوجھ کر بھی کچھ کھا پی لیا ہو تو اسکا روزہ باطل ہو جائے گا اور اسکی قضا انجام دینا ہوگی۔ یاد رہے کہ بھولے سے کچھ کھا لینے یا پی لینے سے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑتا۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں
## الیکٹرونک سگریٹ کا استعمال



آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
احتیاطِ واجب کے طور پر روزے کی حالت میں
الیکٹرونک سگریٹ کا استعمال بھی جائز نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## روزہ رکھ کر ایسی جگہ کا سفر جہاں ابھی طلوعِ فجر نہ ہوئی ہو

سوال: اگر کوئی شخص طلوعِ فجر پر روزہ رکھ چکا ہو اور پھر سفر کرکے کسی ایسی جگہ جائے جہاں ابھی طلوعِ فجر نہ ہوئی ہو تو کیا وہ کھا پی سکتا ہے۔؟

**جواب: جائز ہے ۔۔**

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

حالتِ روزہ میں شوگر کے مریضوں کیلئے

**Insulin Injection**

لگانا جائز ہے۔۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر اذانِ فجر کے دوران بھی کھاتا پیتا رہے۔۔۔

اگر کوئی شخص لاعلمی میں یہ سمجھتا رہا ہو کہ اذانِ فجر کے دوران کھا پی سکتے ہیں، اذان کے بعد نہیں کھا پی سکتے اور وہ اذان کے دوران کھاتا پیتا رہا ہو تو اُسے ان روزوں کی قضا کرنا ہوگی۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم



مسوڑھے سے نکلا ہوا خون اگر توجہ نہیں تھی،
بے اختیار نگل لیا تو روزہ صحیح ہے۔۔

---

مسوڑھے سے نکلنے والا خون اگر تھوک میں مل کر
ختم ہو جائے تو اُس کا نگلنا روزے کو
باطل نہیں کرتا۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

## شوگر کے مریض کا روزہ



## ☆ حالتِ روزہ میں شوگر چیک کی جاسکتی ہے۔۔

☆ ضروری نہیں کہ تمام شوگر کے مریضوں پر روزہ معاف ہو لہذا صرف شوگر پیشنٹ ہونا اس بات کی دلیل نہیں بنتا کہ انسان روزہ چھوڑ دے

مشورہ: شوگر پیشنٹ اپنی دوا اور ڈائیٹ کو maintain رکھتے ہوئے روزہ رکھ سکتے ہیں۔ میڈیکل سائنس کے مطابق شوگر کے مریضوں کے لیے روزہ مفید ہے۔ رسول اکرمؐ کا ارشادِ گرامی ہے صُومُوا تَصِحُّوا روزہ رکھو اور صحت پاؤ۔

☆ البتہ اگر ماہر ڈاکٹر نے کسی پیشنٹ کو روزہ رکھنے سے منع کیا ہو اور اس کی یہ بات عقلی ہو تو روزہ چھوڑا جاسکتا ہے۔۔

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

سوال: کیا ضعیف روایات کو حالتِ روزہ میں بیان کیا جاسکتا ہے۔؟

جواب: کسی واسطے اور حوالے کے ساتھ ضعیف روایات کو حالتِ روزہ میں نقل کیا جاسکتا ہے۔۔

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



احکامِ روزہ

## کیا معمولی سے نقصان کے احتمال سے روزہ معاف ہوتا ہے؟

صحت کے اعتبار سے معمولی نقصان پہنچنے کے احتمال سے روزہ معاف نہیں ہوتا

ایسا نقصان جسکا عام طور پر برداشت کرنا مشکل ہو

یا جس سے زندگی خطرے میں پڑجائے

یا کوئی شدید نقصان کا باعث ہونے کا خوف ہو تب روزہ رکھنا حرام ہوجاتا ہے۔

لیکن معمولی نوعیّت کے احتمالی خطرے کی بنا پر روزہ معاف نہیں ہوگا۔

(استفتاء آیت اللہ سیستانی)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حاملہ و دودھ پلانے والی مائیں فدیہ کب دے سکتی ہیں؟

حاملہ اور بچے کو دودھ پلانے والی وہ مائیں
جن پر شرعی اعتبار سے اگر روزہ واجب نہ رہے
کیونکہ خود کو یا بچے کو شدید نقصان پہنچنے کا اطمنان ہو
تو رمضان میں ہر دن کے گزرنے کے بعد اسکا فدیہ دے سکتی ہیں
لیکن یہ نہیں کرسکتیں کہ آئندہ آنے والے دنوں کا فدیہ
ایڈوانس میں پہلے ہی سے نکال دیں۔
پورا رمضان گزرنے کے بعد جتنے روزے اِس بناء پر چھوڑے ہوں
اُن کا فدیہ بھی ایک ساتھ بعد میں ادا کیا جاسکتا ہے۔

حاملہ و دودھ پلانے والی مائیں بعدِ رمضان روزے کی قضا بھی انجام دیں گی۔


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim



+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر دورانِ روزہ ماہانہ نجاست شروع ہوجائے؟

دورانِ روزہ جس وقت بھی حیض شروع ہوجائے
روزہ باطل ہوجاتا ہے
خواہ وہ وقتِ افطار سے چند منٹ پہلے شروع ہو۔
روزہ باطل ہونے کے بعد کھاپی سکتے ہیں
اور روزہ کو افطار تک مکمل کرنا ضروری نہیں
اگر واجب روزہ ہو تو اسکی قضا کی جائے گی۔

(استفتاء آیت اللہ سیستانی)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل





## حالتِ روزہ میں زبان کے نیچے رکھنے والی ادویات کا استعمال

حالتِ روزہ میں دل کے مریض جو دوائیں زبان کے نیچے رکھتے ہیں یا درد کم کرنے والی وہ ادویات جو زبان کے نیچے رکھنے سے جذب ہو کہ خون میں اتر جاتی ہیں اور حلق سے نیچے نہیں اترتیں ، اُن کا استعمال آیت اللہ سیستانی کے فتوی میں جائز ہے۔

البتہ آیت اللہ خامنہ ای احتیاطِ واجب کے طور پر ان کے استعمال پر روزہ کو باطل سمجھتے ہیں۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر منہ کی بدبو دور کرنے کیلئے کوئی خوشبودار اسپرے استعمال کرے؟



اگر بالفرض حالت روزہ میں کوئی شخص منہ کی بدبو دور کرنے کے لئے کوئی خوشبودار اسپرے استعمال کرے تو اگر اسکا مواد حلق سے نیچے اتر جائے تو اس کا روزہ باطل ہوجائے گا اور اگر حلق سے نیچے نہ اترے تو روزہ باطل نہیں ہوگا۔۔


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## حالتِ روزہ میں شدید قبض دور کرنے والی دوا لینا

حالتِ روزہ میں شدید قبض دور کرنے کیلئے Rectal Suppositories جو مائع نہ ہوں ، ان کا استعمال جائز ہے اور اِس سے روزہ نہیں ٹوٹتا۔

لیکن جان بوجھ کر کسی مائع چیز سے اینیما لینے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے۔۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## حالتِ روزہ میں یہ سب اُمور جائز ہیں

حالتِ روزہ میں مہندی لگانا اور بالوں میں خضاب لگانا، ناخن کاٹنا، بال کٹوانا بالکل جائز ہے اور ان سے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑتا ہے۔۔


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## واجب نماز کے علاوہ کسی اور نیّت سے کئے گئے وضو کی کُلّی کرنے کے دوران پانی حلق سے نیچے اُتر جائے تو؟


اگر مکلّف مستحب نماز پڑھنے کے لئے وضو کر رہا ہو
بلکہ واجب نماز کے علاوہ
کسی بھی وجہ سے وضو کر رہا ہو اور اس ضمن میں
وہ اپنے ناک یا منہ میں پانی ڈالے
اور وہ پانی بغیر اختیار کے اس کے پیٹ میں چلا جائے
تو احتیاطِ مستحب ہے کہ اس روزے کی قضا کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## ماہِ رمضان میں کس جنب شخص کیلئے سونے سے پہلے غسل کرنا ضروری ہے؟

اگر کوئی شخص ماہِ رمضان میں رات کو مجنب ہو جائے اور وہ سونا چاہتا ہو مگر اسے اس بات کا اطمینان نہ ہو کہ وہ فجر سے پہلے غسل کرنے کے لیئے مناسب وقت پر اُٹھ سکے گا تو ایسا شخص احتیاطِ واجب کی بنا پر سونے سے پہلے غسل کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim


# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں جنب سو جائے اور غسل کیلئے آنکھ نہ کھلے تو؟



ماہِ رمضان میں اگر کوئی رات کو مجنب ہو جائے
اور پھر وہ سو جائے جب کہ وہ یہ ارادہ رکھتا ہو
کہ غسل کرے گا اور اسے اس بات کا اطمینان ہ
کہ وہ مناسب وقت پر نیند سے اُٹھ جائے گا
(اپنی عادت کی وجہ سے یا کسی بھی اور وجہ سے)
مگر اتفاقاً اُس کی آنکھ نہیں کھلی
اور فجر کا وقت ہوگیا تو اس کا روزہ صحیح ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## احتیاطِ مستحب ہے کہ اس حالت میں روزہ نہ رکھا جائے

ماہِ رمضان یا ماہِ رمضان کے
قضا روزوں کے علاوہ
کسی اور روزے میں جان بوجھ کر
فجر تک حالتِ جنابت پر باقی رہ کر
روزہ رکھ سکتا ہے
البتہ احتیاطِ مستحب ہے کہ ایسا نہ کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل


## اُس نابالغ کا روزہ
## جو ماہِ رمضان کے دن بالغ ہوجائے

رمضان کے مہینے میں مکلّف پر روزہ رکھنا واجب ہے
لیکن جو شخص رمضان کے مہینے میں ابتدائے فجر کے وقت بالغ نہ ہو
اُس شخص پر (اس دن کا) روزہ رکھنا واجب نہیں ہے۔

............................

اگر کوئی نابالغ، مستحب کی نیّت سے ماہِ رمضان میں روزہ رکھے
اور دن میں بالغ ہوجائے
تو احتیاطِ مستحب ہے کہ اس دن کا روزہ مکمل کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)





MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## اگر کوئی شخص ماہِ رمضان میں زوالِ آفتاب کے بعد سفر کرے؟

اگر کوئی شخص ماہِ رمضان میں زوالِ آفتاب کے بعد سفر کرے تو اس دن کا روزہ مکمل کرنا احتیاطِ واجب کی بنا پر واجب ہے اور یہ روزہ کافی بھی ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر کوئی ماہِ رمضان میں بیہوش ہونے کی وجہ سے نیّتِ روزہ نہ کر سکے تو؟

اگر ماہِ رمضان میں کوئی شخص بیہوش ہو جائے
اور روزے میں جو نیّت ضروری ہے وہ نیّت اس شخص سے فوت ہو جائے
اور دن میں اس شخص کو ہوش آجائے
ایسی صورت میں اس شخص پر روزہ رکھنا واجب نہیں ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)






MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## بعض شرعی مسائل کی وجہ سے سفر جائز نہیں رہتا

اگر کسی پر اجارے یا اس قسم کے اسباب سے روزۂ واجب معیّن ہو جائے
یا اعتکاف کے تیسرے دن کا روزہ واجب ہو
تو ایسے شخص کے لئے سفر کرنا جائز نہیں ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)





+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## بیمار شخص پر کب روزہ رکھنا واجب نہیں رہتا؟

اگر کسی بیمار شخص کو یقین ہو یا گمان ہو یا عقلائی احتمال ہو جس احتمال پر
خوف صادق آئے کہ اگر وہ ماہِ رمضان میں روزہ رکھے گا
تو اس کی بیماری زیادہ سخت ہو جائے گی یا اس کا علاج تاخیر کا شکار ہو جائے گا
یا اس کی تکلیف میں اضافہ ہو جائے گا اور یہ سب
(بیماری میں زیادتی یا علاج میں تاخیر یا تکلیف میں اضافہ) اتنا ہو گا
جتنا عام طور پر برداشت نہیں کیا جاتا تو اس شخص پر روزہ رکھنا واجب نہیں ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى
السيد علي السيستاني (دام ظله)





MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل


## ماہِ رمضان میں سفر کرنا کیسا ہے؟

ماہِ رمضان میں سفر کرنا
اگرچہ کوئی مجبوری نہ ہو، جائز ہے۔

.....................

مسافر کے لئے ماہِ رمضان میں
روزہ نہ رکھنا واجب ہے
اگرچہ سفر کسی مجبوری کے بغیر ہو۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)




www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر کوئی ماہِ رمضان میں حالتِ روزہ میں بیہوش ہو جائے تو؟

اگر ماہِ رمضان میں کوئی شخص روزے کی نیّت کرے
اور پھر بیہوش ہو جائے اور دن میں اس شخص کو ہوش آجائے
ایسی صورت میں اس شخص پر روزہ مکمل کرنا
احتیاطِ لازم کی بنا پر واجب ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)






MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر ماہِ رمضان کا قضا رکھنے والا جنب شخص غسل جنابت کرنا بھول جائے تو؟




اگر کوئی رمضان کا قضا روزہ رکھنا چاہے
اور اس کو عِلم ہو کہ وہ مجنب ہے
مگر وہ غسل کرنا بھول جائے
اور فجر کا وقت ہو جائے
تو اس کا قضا روزہ صحیح ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية
الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim


# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر ماہِ رمضان میں جنب شخص
## غسل جنابت کرنا بھول جائے اور روزہ رکھ لے تو؟

ماہِ رمضان میں اگر کسی کو عِلم ہو کہ وہ مجنب ہے
مگر وہ غسل کرنا بھول جائے اور فجر کا وقت ہوجائے
اس پر روزے کی قضا واجب ہے۔



الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية
االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)





www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر ماہِ رمضان میں جنب شخص غسلِ جنابت کرنا بھول جائے تو کیا وہ روزہ چھوڑ سکتا ہے؟




اگر ماہِ رمضان میں کسی کو علم ہو کہ وہ جنب ہے،
مگر وہ غسل کرنا بھول جائے
اور فجر کا وقت ہو جائے تو احتیاطِ لازم کی بنا پر
قربت مطلقہ کی نیت سے اس روز دن بھر
روزہ توڑنے والے کاموں سے پرہیز کرنا بھی ضروری ہے
اور بعدِ رمضان اس روزہ کی قضا بھی کرنا ہو گی۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## بعض شرعی مسائل کی وجہ سے سفر جائز نہیں رہتا

اگر کسی پر اجارے یا اس قسم کے اسباب سے روزۂ واجب معیّن ہو جائے
یا اعتکاف کے تیسرے دن کا روزہ واجب ہو
تو ایسے شخص کے لئے سفر کرنا جائز نہیں ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)




www.facebook.com/madrasatulqaaim


# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں کوئی غذا چبانے یا سالن چکھنے کا فقہی حکم

روزے دار کا کسی بچے یا جانور کے لئے غذا کو چبانا ... جائز ہے۔

روزے دار کا سالن وغیرہ چکھنا، جبکہ اس کے اجزا حلق تک نہ پہنچیں ... جائز ہے۔

مکلّف کے سالن چکھتے ہوئے، بے اختیار سالن اس کے حلق تک پہنچ جائے
یا بھولے سے وہ سالن کو حلق تک پہنچا دے،
جبکہ اس کا یہ قصد اور ارادہ نہیں تھا
اور نہ ہی وہ جانتا تھا کہ ایسا ہوجائے گا ... تو اس کا روزہ صحیح ہے۔




الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاًلفتاوی سماحة آية االلّٰه العظمی السيد علي السيستاني (دام ظله)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں کُلّی کا فقہی حکم





روزہ دار کا وضو کے لئے
یا کسی اور وجہ سے کُلّی کرنا
جب کہ وہ جان بوجھ کر پانی کو
اپنے حلق تک نہ پہنچائے ... جائز ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں بارش میں نہانے کا فقہی حکم




اگر روزہ دار بارش یا کسی اور پانی کے نیچے کھڑا ہو جائے اور پانی اس کے جسم کو مکمل گیلا کر دے، اس کا روزہ صحیح ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم


www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائمؑ

## حالتِ روزہ میں کوئی مائع چیز بے اختیار حلق سے نیچے چلی جائے تو؟




اگر مکلّف کوئی سیال مادّہ (لیکوڈ)
اپنے منہ یا ناک میں ڈالے
اور بغیر اختیار کے
وہ مادّہ اس کے پیٹ میں چلا جائے
تو روزے کی قضا واجب نہیں ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاًلفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل


## حالتِ روزہ میں کُلّی کرے اور پانی حلق سے نیچے چلا جائے تو؟

روزہ دار کیلئے مناسب ہے کہ کُلّی کرنے کے بعد تین مرتبہ تھوکے۔

---

اگر مکلّف پیاس کے سبب سے، مثلاً ٹھنڈک حاصل کرنے کی خاطر کُلّی کرنے کے لئے یا کسی اور کام کے لئے منہ میں پانی ڈالے اور بغیر اختیار کے پانی اس کے پیٹ میں چلا جائے تو اس روزے کی قضا کرنا واجب ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)






00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## حالتِ روزہ میں تلاوتِ قرآن میں غلطی

اگر روزے میں کوئی شخص
قرآن کی تلاوت میں غلطی کرے
جب کہ تلاوت کے وقت اس کا مقصد یہ نہ ہو
کہ وہ خدا کی طرف سے
نازل کئے گئے قرآن کو بیان کر رہا ہے
تو اس کا روزہ صحیح ہے۔




الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى
السيد علي السيستاني( دام ظله)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## روزہ دار کا ماہِ رمضان یا غیر ماہِ رمضان میں پانی میں سر ڈبونے کا فقہی حکم

احتیاطِ مستحب ہے کہ رمضان کے مہینے میں
یا اس کے علاوہ بھی روزہ دار
اپنا سَر پانی میں ڈبو کر غسل نہ کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)






00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## عورت کا ماہِ رمضان میں
## جان بوجھ کر حالت نجاست پر باقی رہنا

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم




اگر خاتون ماہِ رمضان میں جان بوجھ کر
فجر تک حیض یا نفاس کی حالت میں رہے
جب کہ غسل یا تیمّم ممکن ہو
تو احتیاطِ لازم کی بنا پر اس کا روزہ باطل ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)


00923332136992

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان کے قضا روزے میں جان بوجھ کر حالتِ جنابت پر باقی رہنا

اگر ماہِ رمضان کے
روزے کی قضا رکھتے وقت
مکلّفِ جان بوجھ کر فجر تک
حالت جنابت پر رہے
تو بھی روزہ باطل ہے۔


الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية
الله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان کے قضا روزے میں غیر عمدی طور پر حالتِ جنابت پر باقی رہ کر روزہ رکھنا




اگر مکلّف غیر عمدی طور پر
فجر تک حالتِ جنابت پر رہے
تو احتیاطِ مستحب کی بنا پر
اس روز ماہِ رمضان کا قضا روزہ نہ رکھے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں جنب کئی بار سو کر اٹھے لیکن پھر غسل کے لئے آنکھ نہ کھلے تو؟




ماہِ رمضان میں اگر کوئی رات کو مجنب ہو جائے اور پھر وہ سو جائے
جب کہ وہ یہ ارادہ رکھتا ہو کہ غسل کرے گا
اور اسے اس بات کا اطمینان ہو
کہ وہ مناسب وقت پر نیند سے اٹھ جائے گا
اور پھر وہ مناسب وقت پر اٹھ جائے، مگر دوبارہ سو جائے
اس کے بعد وہ دوبارہ نیند سے اٹھ جائے
اور ایک بار پھر سو جائے اور اس بار فجر تک نہ اٹھے
تو اس شخص پر روزے کی قضا واجب ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں جنب کئی بار سو کر اُٹھے لیکن پھر غسل کیلئے آنکھ نہ کھلے تو کیا قضا کے ساتھ کفّارہ بھی ادا کرے؟

ماہِ رمضان میں اگر کوئی رات کو مجنب ہو جائے اور پھر وہ سو جائے
جب کہ وہ یہ ارادہ رکھتا ہو کہ غسل کرے گا
اور اسے اس بات کا اطمینان ہو کہ وہ مناسب وقت پر نیند سے اُٹھ جائے گا
اور پھر وہ مناسب وقت پر اُٹھ جائے، مگر دوبارہ سو جائے
اس کے بعد وہ دوبارہ نیند سے اُٹھ جائے،
اور ایک بار پھر سو جائے اور اس بار فجر تک نہ اُٹھے
تو ایسا شخص اس روزے کی قضا کرے
اور احتیاطِ مستحب کی بنا پر کفّارہ بھی ادا کرے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)






MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں جان بوجھ کر حالت جنابت پر باقی رہنا




ماہِ رمضان کے روزے میں اگر مکلّف جان بوجھ کر فجر تک جنابت کی حالت پر باقی رہے
تو اس کا روزہ باطل ہے۔

.......................................

(نوٹ : اگر کوئی جان بوجھ کر فجر تک جنابت کی حالت میں رہے تو اس پر قضا واجب ہے۔

**اس قضا روزے میں دو احتمال ہیں:**

ایک احتمال یہ ہے کہ یہ روزہ اس وجہ سے رکھنا پڑے گا کہ رمضان کا روزہ باطل ہو گیا تھا۔
اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ یہ روزہ سزا کے طور پر رکھنا ہو گا اور رمضان کا روزہ باطل نہیں تھا۔
لہذا ضروری ہے کہ اس روز نیّت میں احتیاط کی جائے اور قربتِ مطلقہ کی نیّت سے اس روز تمام مفطرات (روزہ باطل کرنے والے کاموں) سے اجتناب کیا جائے اور نیّت میں اس بات کا تعیّن نہ کیا جائے کہ یہ شرعی روزہ ہے یا صرف سزا کے طور پر مفطرات سے اجتناب کیا جا رہا ہے۔)


الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة /وفقاًلفتاوی سماحة آية االله العظمی السيدعلي السيستاني (دام ظله)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں اللہ یا معصومینؑ سے
## کوئی جھوٹی بات یقین رکھتے ہوئے منسوب کرنا




MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائمؑ


اگر مکلّف یقین کے ساتھ خدا یا معصومینؑ میں سے
کسی سے کوئی بات منسوب کرے، جب کہ مکلّف کے پاس
اس بات پر کوئی شرعی دلیل نہ ہو، اور اس کا جھوٹ ہونا بھی ممکن ہو
اور حقیقت میں وہ بات جھوٹی ہو تو احتیاطِ لازم کی بنا پر روزہ باطل ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاًلفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## ماہِ رمضان میں جنب دوبارہ سو جائے اور غسل کیلئے آنکھ نہ کھلے تو؟

ماہِ رمضان میں اگر کوئی رات کو مجنب ہو جائے اور پھر وہ سو جائے
جب کہ وہ یہ ارادہ رکھتا ہو کہ غسل کرے گا
اور اسے اس بات کا اطمینان ہو کہ وہ مناسب وقت پر نیند سے اُٹھ جائے گا
اور پھر وہ مناسب وقت پر اُٹھ جائے، مگر دوبارہ سو جائے
اور اس بار فجر تک نہ اٹھے تو اس شخص پر روزے کی قضا واجب ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية الله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ماہِ رمضان میں احتلام کے بعد پیشاب سے استبرا کرنا




اگر مکلّف کو ماہِ رمضان میں احتلام ہو جائے
اور وہ پیشاب کے ذریعے استبرا کرے تو یہ عمل جائز ہے
اگر چہ وہ جانتا ہو کہ پیشاب کی نالی میں موجود منی کے قطرہ
پیشاب کے ساتھ باہر آجائیں گے
چاہے یہ استبرا غسل سے پہلے کرے یا غسل کے بعد۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاًلفتاوی سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني (دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# اپنے بالغ ہونے سے لاعلم شخص کا مسئلہ

## سوال

ایک شخص کو معلوم نہیں تھا کہ بالغ ہونے کی کیا علامات ہیں۔
ایک عرصہ تک اس نے روزے نہیں رکھے پھر اس کو پتہ چلا کہ
اس میں بالغ ہونے کی ایک علامت موجود تھی۔
اب اس کی کیا ذمّہ داری ہے؟



## جواب

وہ اپنی نمازوں اور روزوں کی قضا کرے گا۔



(کتاب: مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر 80۔ صفحہ 59)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# آغاز بلوغ میں نا سمجھی کے باعث روزے قضا کئے ہوں تو اب کیا کیا جائے؟

سوال: میں نے آغاز بلوغ میں جو روزے نا سمجھی کی بنیاد پر نہیں رکھے ان کا کیا حکم ہے؟



جواب: اگر اس بات کا امکان ہو کہ اُس وقت مفہومِ تکلیف کو نہیں سمجھتا تھا یا یہ کہ احتمال دے رہا ہو کہ اس وقت مطمئن تھا کہ کھانا جائز ہے تو قضاء بجا لانا کافی ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم




# اگر اب روزوں کی قضا بجا لانے سے
# مایوسی ہو جائے تو؟

اگر کوئی شخص رمضان کے روزوں کی قضاء
بجا لانے کی قدرت نہ رکھتا ہو
تو اپنے وصیت نامہ میں ذکر کرے
کہ مرنے کے بعد حتماً اس کی طرف سے
قضاء کو بجالایا جائے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


اگر اذان کے دوران بھی
سحری کرتے رہے
سوال: ایک شخص صبح کی اذان کے دوران بھی
یہ سوچ کر کھانا کھاتا رہا
کہ روزہ صبح کی اذان ختم ہونے کے بعد شروع ہوتا ہے۔
اس کے روزے کے بارے میں کیا حکم ہے؟
جواب: اگر اسے یہ یقین حاصل ہو جائے
کہ اس نے حقیقتاً طلوعِ فجر کے بعد کھانا کھایا ہے
تو اس کی ذمّہ داری ہے کہ اس روزے کی قضا کرے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ سوال نمبر 6۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ صفحہ 19)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# اگر بیماری اس رمضان سے اگلے رمضان تک طول کھینچ جائے تو؟



آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

اگر انسان بیماری کی وجہ سے ماہِ رمضان کا روزہ نہ رکھے
اور اس کی بیماری آئندہ ماہِ رمضان تک طول پیدا کر لے
اس طرح سے کہ سال کے تمام ایّام میں روزہ نہ رکھ سکے
تو ان روزوں کی قضا واجب نہیں ہے لیکن

آئندہ سال کے ماہِ رمضان آنے کے بعد ہر دن کی قضا کے بدلے
ایک مُد (تقریباً 750 گرام) طعام یعنی گیہوں، جو، نان





یا اسی طرح کی چیز فقیر کو دینا لازم ہے
کہ جسے سالانہ فدیہ بھی کہا جاتا ہے
اور آئندہ سال کا ماہِ رمضان آنے سے پہلے
اس کا دینا صحیح نہیں ہے۔

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2075
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4439

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# اگر بیماری کے علاوہ کسی عذر کی وجہ سے کئی سال تک روزوں کی قضا نہ کر سکے تو؟




آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

اگر انسان نے بیماری کے علاوہ
کسی دوسرے عذر کی وجہ سے
روزہ نہ رکھا ہو
اور اس کا عذر آئندہ ماہِ رمضان تک باقی رہے
جن روزوں کو نہیں رکھا ہے لازم ہے
کہ ان کی قضا بجالائے
اور احتیاط واجب ہے کہ ہر دن کے لئے
ایک مُد طعام فقیر کو دے۔

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2077
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4439

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر بیماری کئی سال طول کھینچ جائے اور آخری سال ٹھیک ہو جائے تو؟



آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

اگر انسان کی بیماری چند سال طول پیدا کرے
تو جب آخری سال کے دوران صحیح ہو جائے
تو لازم ہے کہ آخری سال کے روزوں کی قضا بجالائے
اور گذشتہ برسوں کے روزے کی قضا
جو بیماری کی وجہ سے نہیں رکھا ہے اس پر واجب نہیں ہے
لیکن گذشتہ برسوں کے لیے ہر دن کے بدلے
ایک مُد طعام فقیر کو دینا ہو گا۔


توضیح المسائل جامع مسئلہ 2076
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4439

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

# اگر پیاس کی وجہ سے کلّی کرتے ہوئے پانی حلق سے اُتر جائے؟



آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
انسان پیاس کی وجہ سے کلّی کرے یعنی پانی منہ میں گھمائے اور بے اختیار پانی پیٹ میں چلا جائے تو اس روزے کی قضا کرنا ہو گی۔

(توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1657)


https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر حالتِ روزہ میں معاذ اللہ استمناء کیا ہو تو؟

**سوال: جس شخص کو معلوم نہیں تھا کہ استمناء روزے کو باطل کرتا ہے اور اس نے روزے میں استمناء کیا ہے اس کے روزے کا کیا حکم ہے؟**

جواب: جو شخص مبطل ہونے کا علم رکھتا ہو اس پر لازم ہے
کہ توبہ اور استغفار کرے، اور اس پر قضاء اور کفّارہ دونوں واجب ہے،
اور احتیاط واجب کی بنا پر اس صورت میں بھی
کفّارہ واجب ہے جب حکم سے جاہل ہو
اور جہل میں معذور نہ ہو اور متردّد رہا ہو
پس ایسے جاہل پر جو اپنے جہل میں معذور ہو
یا معذور نہ ہو لیکن یقین رکھتا ہو کہ مبطل نہیں ہے
کفّارہ واجب نہیں ہے۔



https://www.sistani.org/urdu/qa/01812


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


روزہ میں
احتلام کا مسئلہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
سوال
اگر کوئی ماہِ رمضان کی راتوں میں سے کسی رات میں محتلم ہو جائے
اور صبح صادق تک اسے اپنے محتلم ہونے کا علم نہ ہو
تو اس کے روزے کا کیا حکم ہے؟
جواب
اُس کا روزہ
صحیح
ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر61۔ صفحہ40)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر روزہ باطل ہو جائے تو کیا کھا پی سکتے ہیں؟

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

سوال: اگر کوئی شخص ماہِ رمضان میں
دن کے وقت کچھ کھالے
تو کیا اُس کے لئے بقیہ وقت
مبطلاتِ روزہ سے بچنا ضروری ہے؟



جواب: احوط یہ ہے کہ بقیہ دن
مبطلاتِ روزہ سے پرہیز کرے
لیکن اگر پرہیز نہ کرے
تو اس پر کوئی کفّارہ نہیں ہے۔




(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ سوال نمبر13
قرآن و عترت اکیڈمی۔ صفحہ22)

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# اگر روزہ توڑنے کا ارادہ کیا تو!



**سوال:** اگر کوئی شخص اِس احتمال پر
کہ اُس کا روزہ باطل ہوچکا ہے افطار کا ارادہ کرے
یا اسی طرح نماز کو توڑنے کا ارادہ کرے
تو کیا اِس سے اُس کا روزہ اور نماز باطل ہوجاتے ہیں؟

---




**جواب:** اس سے روزہ باطل ہوجائے گا
لیکن نماز باطل نہیں ہوگی۔

(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ سوال نمبر2۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ صفحہ 17)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


اگر روزہ دار بیہوش ہو جائے؟
اگر کوئی شخص اذانِ صبح سے
پہلے روزے کی نیت کرنے کے بعد بے ہوش ہو جائے
اور پھر اُسے دن میں کسی وقت ہوش آجائے
تو احتیاطِ واجب کی بنا پر
ضروری ہے کہ اُس دن کا روزہ تمام کرے
اور اگر تمام نہ کرسکے تو اُس کی قضا بجالائے۔
(فتویٰ آیت اللہ سیستانی۔ مسافر کے روزوں کے احکام۔ توضیح المسائل)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim




# اگر روزہ دار نابالغ رمضان کے دن بالغ ہو جائے؟

نابالغ شخص اگر استحباب کی نیّت سے ماہ رمضان میں روزہ رکھ لے

اور دن میں کسی وقت بالغ ہو جائے

تو احتیاطِ مستحب ہے

کہ اس دن کے روزے کو مکمل کرے۔



الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة

وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


سوال: اگر کوئی شخص سفر میں مرجائے
توکیا اُس کے سفر کے ایّام کی قضا واجب ہے؟
جواب: واجب نہیں ہے۔
(کتاب: مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر95۔ صفحہ54)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



مسئلہ برائے مومنات
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
سوال: ایک عورت کی عادت 10 دن میں پاک ہونے کی ہے
نویں رات میں وہ پاک ہوگئی لیکن اس اُمید پر غسل کئے بغیر سوگئی
کہ صبح سے پہلے اُٹھ جائے گی حالانکہ ساتھ ساتھ یہ خوف بھی تھا
کہ وہ فجر سے پہلے نہ اُٹھ سکے گی جب وہ بیدار ہوئی
تو فجر کا وقت آچکا تھا جب کہ مہینہ بھی رمضان کا تھا
اس نے اس دن کا روزہ رکھ لیا
کیا اس عورت پر کفّارہ واجب ہے؟
جواب: اگر اس کو اطمینان تھا کہ وہ اُٹھ جائے گی
تو اس کی کوئی ذمّہ داری نہیں ہے
لیکن اگر اطمینان نہیں تھا
تو پھر احتیاطِ واجب کی بناء پر
اس پر صرف قضا واجب ہے کفّارہ نہیں۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن وعترت اکیڈمی
سوال نمبر 59 ۔ صفحہ 39)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# اگر غلط فہمی میں روزہ جلد افطار کر لے تو؟




آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
اگر مَطلع اَبر آلود ہو اور انسان اِس گُمان کے تحت
روزہ افطار کر لے کہ مغرب ہوگئی ہے
اور بعد میں معلوم ہو کہ مغرب نہیں ہوئی تھی
تو احتیاط کی بنا پر اس صورت میں
اس روزہ کی قضا واجب ہے۔


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
**سوال:** اگر مریض کیلئے روزہ رکھنے میں کوئی مشکل نہ ہو لیکن آپریشن کیلئے بے ہوش کیا جائے تو روزہ پر کیا اثر پڑتا ہے۔؟

**جواب:** احتیاط یہ ہے کہ اس روزے کو مکمل کرے، مکمل کرنا ممکن نہ ہو تو اس روزے کی قضا بجا لائے

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل




## اگر غسل کے دوران
## بے اختیار پانی حلق چلا جائے؟

اگر دورانِ روزہ
غسل کے درمیان کچھ پانی
بے اختیار اور بغیر ارادہ کے
حلق سے نیچے اُتر جائے
تو آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ میں
اس سے روزہ باطل نہیں ہوتا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر ماہِ رمضان میں غسلِ واجب کے درمیان نمازِ فجر کا وقت داخل ہوجائے؟

اگر ماہِ رمضان میں کسی کو یقین تھا
کہ غسلِ جنابت کے لئے وقت ہے
اور وہ غسل میں مشغول ہوجائے اور درمیانِ غسل اُسے علم ہو
کہ غسل کی کچھ مقدار ادا کرنے کے ساتھ
نمازِ فجر کا وقت داخل ہوچکا تھا
تو اُس کا وہ روزہ صحیح شمار ہوگا۔

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## اگر روزے میں
## ناک یا منہ سے خون نکل آئے؟




اگر نکسیر پھوٹ جائے اور ناک یا منہ سے
خون نکل نکلنے لگے تو
اِس سے روزہ پر کوئی فرق نہیں پڑتا
اور روزہ باطل نہیں ہوتا۔


00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## سوال

ایک بچی نے بلوغت کے وقت
حکمِ شرعی سے ناواقف ہونے کی وجہ سے
روزے نہیں رکھے کیونکہ اس کے والدین نے
اسے اِس طرف متوجہ ہی نہ کیا تھا
کیا اِس بچی کو قضا و کفّارہ دونوں رکھنا ہوں گے؟

جواب: اس پر فقط قضا ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

ایک فقہی سوال

کیا بے ہوش ہونے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے؟

جواب: جی نہیں۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaa

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل



## ایک اہم فقہی مسئلہ

اگر بیمار رمضان کے کسی دن ظہر سے پہلے تندرست ہو جائے
اور اُس نے روزہ کے خلاف کوئی کام نہ کیا ہو
تو اس دن کا روزہ رکھنا اُس پر واجب ہے۔
البتہ اگر ظہر کے بعد تندرست ہو
تو اس دن کا روزہ رکھنا اس پر واجب نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

سوال: کیا بہت سے لوگ
میت کے قضاء نماز و روزہ کو ادا کر سکتے ہیں؟

جواب: رکھ سکتے ہیں۔

www.facebook.com/madrasatulq

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

سوال

فجر کے وقت مسجد کی اذان
سے روزہ کا کیا تعلق ہے؟

جواب

کوئی تعلق نہیں

اصل معیار وقتِ فجر کا آجانا ہے۔
مسجد کی اذان معیار نہیں ہے۔





www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## سوال

اگر شک ہو کہ فجر کا وقت شروع ہوا یا نہیں
تو کیا اِس حالتِ شک میں
کھانے پینے کی اجازت ہے؟

**جواب: جائز ہے۔**

البتہ اگر بعد میں پتا چلا کہ وقت داخل ہو چکا تھا
تو اِس روزے کی قضا کرنا ہوگی۔


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

سوال

حالتِ روزہ میں غرارے کرنا کیسا ہے؟

جواب: جائز ہے۔

لیکن اگر پانی حلق میں چلا گیا تو روزہ باطل ہو جائے گا۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

سوال

اگر انسان پیاس کی وجہ سے کلّی کرے
یعنی پانی منہ میں گُھمائے
اور پانی بے اختیار حلق سے نیچے اُتر جائے
تو اِس روزہ کا کیا ہوگا؟

جواب

اِس روزے کو بھی مکمل کرنا ہوگا
اور اِسکی بعدِ رمضان قضاء بھی کرنا ہوگی۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

## حالتِ روزہ میں احادیث کا بیان

سوال: اگر روزہ دار جان بوجھ کر یا بھولے سے ایک معصومؑ کا قول دوسرے معصومؑ سے منسوب کر کے بیان کر دے تو روزہ پر کیا فرق پڑتا ہے؟

جواب: اگر جان بوجھ کر ایسا کیا ہے تو احتیاطِ واجب کی بناء پر روزہ باطل ہوجائے گا اور اگر بھولے سے ایسا ہوا ہے تو روزہ صحیح ہے۔

www.facebook.com/madrasatulqaaim

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کے چند اہم فقہی مسائل

## ایک اہم فقہی سوال

رمضان کریم

**سوال:** اگر کوئی شخص حالتِ روزہ میں نمازیں قضاء کرے تو کیا اُس کا روزہ صحیح ہے۔؟


**جواب:** ایسا شخص گناہ گار ہوگا لیکن روزہ صحیح رہے گا۔ البتہ توبہ کے ساتھ اِن نمازوں کی قضاء بھی انجام دینا ہوگی۔۔


www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)


مدرسة القائم

+923332136992 facebook.com/madrasatulqaaim


روزے کے چند اہم فقہی مسائل
رمضان کریم
سوال
جو کسی عذرِ شرعی کی وجہ سے
رمضان میں روزہ نہ رکھ سکے
مثلاً مسافر ہو تو اُس کے لئے
پیٹ بھر کر کھانا پینا کیسا ہے؟
جواب: مکروہ ہے۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim
+923332136992
facebook.com/madrasatulqaaim

# ایسے شخص کا مستحبی روزہ جس کی گردن پر ماہِ رمضان کے علاوہ کوئی اور واجب روزہ ہو

## آیت اللہ سیستانی کے نزدیک



جس شخص پر
ماہ رمضان کے علاوہ
کوئی دوسرا قضا روزہ
جیسے نذر معین کا
قضا روزہ واجب ہے
وہ شخص بھی مستحبی روزہ
رکھ سکتا ہے۔

توضیح المسائل جامع آیت اللہ سیستانی مسئلہ 2118
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4446

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ایک صورت جب روزے کی قضا کرنا واجب نہیں ہے

آیت اللہ سیستانی کے نزدیک

اگر روزہ دار پانی کے علاوہ کوئی چیز منہ میں ڈالے
اور وہ بے اختیار پیٹ میں چلی جائے
یا ناک میں پانی ڈالے اور وہ بے اختیار
حلق کے نیچے اُتر جائے تو اس پر قضا واجب نہیں ہے۔



(توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1658)

https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

www.facebook.com/madrasatulqaaim

00923332136992

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

# ایک مسئلہ جس میں
# روزہ ر کھنا واجب نہیں ہے

ماہِ رمضان میں ایسے شخص کے لئے روزہ رکھنا
جسے خود اپنی جان کے متعلّق ضَرر
اور نقصان کا خوف نہ ہو لیکن یہ روزہ رکھنا
ایک دوسرے واجب کام سے ٹکرا رہا ہو
جو مصلحت میں روزے رکھنے کے برابر یا پھر
اس سے زیادہ اہم مصلحت رکھتا ہو
جیسے اگر روزہ رکھے تو اسے کسی اور کی عزّت
یا کسی اور کے مال کے نقصان کا خوف ہو
کہ جس کی حفاظت کرنا اس پر واجب ہے،
تو ایسے شخص پر روزہ رکھنا واجب نہیں۔




الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة
آية االله العظمى
السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

# ایک مسئلہ جس میں روزہ رکھنا واجب نہیں ہے

ماہِ رمضان میں
جو شخص ایسے سفر میں ہو
جس میں نماز پوری ہوتی ہے
اس کیلئے اس سفر میں
روزہ رکھنا واجب ہے
(جیسے مثلاً کثیر السفر)۔




الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة
آية الله العظمى
السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# باہمی رضامندی سے دعوتِ افطار پر مستحب روزہ کھولنے کا حکم

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## سوال

اگر کوئی شخص اپنی بیوی یا دوست یا بھائی وغیرہ سے اتفاق کر لے
کہ اگر مستحب روزہ رکھا جائے تو کوئی بھی شخص
دوسرے کو دن ہی میں دعوت افطار دے کر
روزہ کھلوا دے تو کیا اسے اس دن کے روزہ کا ثواب بھی ملے گا؟

..............................

**جواب:** اس طرح کے روزے پر اجر و ثواب کا ملنا ثابت نہیں ہے
جیسا کہ سوال میں فرض کیا گیا ہے۔

سوال : إذا أتفق شخص مع آخر كالزوجة أو الصديق
أو الأخ أو غيرهما على أن يصوما صوماً مستحبّاً، وكل واحد
منهم يدعو الآخر في نهار ذلك اليوم للإفطار، هل يشملهما ثواب صوم ذلك اليوم؟

..................................

جواب : لم يثبت ترتب الاجر على الصيام في مورد السؤال.- استفتاء آيت الله سيستانى

www.facebook.com/madrasatulqaaim


بعض روزہ کا فقہی حکم
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
جس شخص پر ماہ رمضان کے علاوہ
کوئی دوسرا واجب روزہ ہے
تو وہ مستحب روزہ رکھ سکتا ہے
اور اسی طرح جو شخص کسی میّت کے
واجب روزہ بجالانے کے لیے اجیر ہوا ہے
وہ مستحب روزہ رکھے تو حرج نہیں ہے۔
اور اسی طرح وہ شخص جس کے اوپر
اپنا قضا یا کفّارے کا روزہ واجب ہے
وہ کسی مرحوم کا اجارہ
پر یا مفت قضا روزہ رکھ سکتا ہے۔
توضیح المسائل جامع آیت اللہ سیستانی مسئلہ 2119
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4446
00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim


سوال: کیا کسی بوڑھی عورت پر فدیہ واجب ہے
جس نے ماہِ رمضان میں روزہ رکھا ہو
لیکن اسے مکمل نہ کرسکی ہو؟
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
جواب: اگر اس کے لئے روزہ رکھنا
مشقّت کا باعث ہو
تو فدیہ دینا واجب ہے
لیکن اگر اس کے لئے
روزہ رکھنا ممکن ہی نہ ہو
تو پھر اُس پر کوئی فدیہ نہیں ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 102۔ صفحہ 56)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# بیہوشی کی وجہ سے
# چھوٹے گئے روزوں کی قضا کا حکم



## آیت اللہ سیستانی کے نزدیک

جو روزے انسان کی بیہوشی کی وجہ سے چھوٹ جائیں
ضروری ہے کہ ان کی قضا بجالائے
خواہ جس چیز کی وجہ سے وہ بے ہوش ہوا ہو
وہ علاج کی غرض سے ہی کیوں نہ ہو۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

(توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1665)
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# سوال: کیا بطور کفّارہ دئے جانے والے طعام کے عوض قیمت ادا کرنا جائز ہے؟






جواب:

ضروری ہے کہ کھانا ہی دیا جائے
اور قیمت کا ادا کرنا کافی نہیں ہو گا۔
ہاں کسی ایسے شخص کو قیمت ادا کرنا جائز ہے
جو قابلِ اعتماد ہو اور اُسے وکیل بنایا جائے
کہ وہ کھانا خرید کر فقیر کو دے دے۔

(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر 113۔ صفحہ 59)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# تندرست ہونے کے بعد کس سال کے روزوں کی قضا کریں؟



## آیت اللہ سیستانی کے نزدیک

اگر انسان کا مرض چند سال طولانی ہو جائے
توضروری ہے کہ تندرست ہونے کے بعد
آخری رمضان المبارک کے
چھوڑے ہوئے روزوں کی قضا بجالائے
اوراس سے پچھلے برسوں کے ماہ رمضان کے
ہر دن کیلئے ایک مُد طعام فقیر کو دے۔


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1676
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حضرت امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا
تیرا کرم گناہگاروں کی سزاؤں سے بہت بلند و بالا ہے
اور تیرا حلم کوتاہی کرنے والوں کی سزاؤں سے عظیم تر ہے۔
(دعائے ابوحمزہ ثمالی سے اقتباس)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
سوال
کیا روٹی یا آٹے کے بجائے
چاول کو کفّارۂ تاخیر کے طور پر ادا کرنا جائز ہے؟
جواب: جائز ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 103۔ صفحہ 56)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# حالتِ روزہ میں نسوار کا استعمال

سوال: روزے میں نسوار کا استعمال کیسا ہے؟

جواب: اگر اس کے ذرّات حلق میں جائیں تو اس سے اجتناب کرنا لازم ہے مگر یہ کہ وہ ذرّات تھوک میں مل کر ختم ہو جائیں۔



https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992



# حالتِ روزہ میں معاذ اللہ
# اگر عورت ایسا کرے تو؟

**سوال: اگر کوئی عورت روزے کی حالت میں شوہر یا خود کے ساتھ ایسا کام کرے جس سے اس سے رطوبت خارج ہو تو اس کے روزے کا کیا حکم ہے؟**

جواب: اگر عورت جان بوجھ کر خود کو اوجِ لذّت جنسی تک پہنچائے
اور اس سے زیادہ مقدار میں رطوبت خارج ہو
تو اس کا روزہ باطل ہو جائے گا اور قضاء اور کفّارہ دونوں واجب ہے۔

..................................

لیکن اگر جان بوجھ کر ایسا کرے جس سے شہوت کے ساتھ زیادہ مقدار میں
رطوبت خارج تو ہو لیکن اوجِ لذّتِ جنسی تک نہ پہونچے
اس صورت میں احتیاط واجب کی بنا پر اس کا روزہ باطل ہے
اور قضاء اور کفارہ واجب ہے۔

..................................

اور چنانچہ خود پر اطمینان رکھتی ہو اور اتفاقاً مذکورہ رطوبت خارج ہو جائے
تو روزہ صحیح ہے اور قضاء اور کفارہ واجب نہیں ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# حالت روزہ میں خلال کرنے کا فقہی حکم

سوال:
اگر سحری کھانے کے بعد
کھانا دانت میں پھنسا رہ جائے
تو خلال کرنا لازم ہے؟



جواب: سحری کھانے کے بعد خلال کرنا لازم نہیں ہے
اگر چہ یہ احتمال ہو رہا ہو کہ خلال نہ کرنے سے
جو دانت میں کھانا رہ گیا ہے اس کے حلق میں جائے گا
اور سہواً چلا بھی جائے تو اس کا روزہ باطل نہیں ہو گا
ہاں اگر یقین ہو کہ خلال نہ کرے تو حلق میں جائے گا تو خلال کرنا واجب ہے۔


(استفتاآتِ روزہ آیت اللہ سیستانی)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# حالتِ روزہ میں
# دانتوں میں
# خلال کرنے کا مسئلہ



**سوال: اگر سحری کھانے کے بعد کھانا دانت میں پھنسا رہ جائے تو کیا خلال کرنا لازم ہے؟**




جواب: سحری کھانے کے بعد خلال کرنا لازم نہیں ہے
گر چہ یہ احتمال دے رہا ہو کہ خلال نہ کرنے سے
جو دانت میں کھانا رہ گیا ہے اس کے حلق میں جائے گا
اور سہواً چلا بھی جائے تو اس کا روزہ باطل نہیں ہو گا۔
البتہ اگر یقین ہو کہ خلال نہ کرے تو
حلق میں جائے گا تو خلال کرنا واجب ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

www.facebook.com/madrasatulqaaim


حالتِ روزہ میں گرم پانی سے
نکلنے والے بخارات کا مسئلہ
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ
سوال
ہم ماہِ رمضان کے دنوں میں
نہانے کے لئے
گرم پانی استعمال کرتے ہیں
جس سے بخارات نکلتے ہیں
تو کیا یہ بخارات
روزے کو باطل کر دیتے ہیں؟
جواب: یہ بخارات روزے کو باطل نہیں کرتے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 47۔ صفحہ 35)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
حالتِ روزہ میں سانس کے مریضوں کیلئے
انہیلر کا استعمال
سوال: روزہ کی حالت میں سانس کے مریضوں کیلئے
انہیلر اسپرے استعمال کرنے کا کیا حکم ہے؟
جواب: اگر دوا پھیپھڑے میں وارد ہو
تو روزہ صحیح ہے اور اگر شک کرے کہ
معدے میں گئی یا نہیں
تب بھی روزہ صحیح ہے۔
https://www.sistani.org/urdu/qa/01812
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# حالتِ شک میں افطار و سحرَی کھانے کا مسئلہ

آیت اللہ سیستانی کے نزدیک


اگر کسی شخص کو شک ہو کہ مغرب ہو گئی ہے
یا نہیں تو وہ روزہ افطار نہیں کرسکتا
لیکن اگر اسے شک ہو کہ صبح ہوئی ہے یا نہیں
تو وہ تحقیق کرنے سے پہلے ایسا کام کرسکتا ہے
جو روزے کو باطل کرتا ہو۔

(نوٹ :البتہ بعد معلوم چلا کہ روزہ کا وقت داخل ہوچکا تھا تو اس روزہ کی قضا انجام دینا ہوگی)۔

(توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1662)
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644
www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم


حکمِ مسافر بھول جانے والے مسافر کے روزے کا حکم
اگر کوئی شخص یہ بھول جائے کہ وہ مسافر ہے
یا یہ بھول جائے کہ مسافر کا روزہ باطل ہوتا ہے
اور سفر کے دوران روزہ رکھ لے
تو اُس کا روزہ باطل ہے۔
(فتویٰ آیت اللہ سیستانی
مسافر کے روزوں کے احکام
توضیح المسائل)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim




# حیض یا نفاس شروع ہوتے ہی روزہ باطل ہوجاتا ہے

کسی عورت نے ماہِ رمضان میں روزہ رکھا
اور دن میں کسی وقت خونِ حیض یا نفاس دیکھا
تو اُس پر روزہ واجب نہیں
اور اگر روزہ رکھ لے
تو اس کا روزہ صحیح نہیں ہو گا۔



الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)


MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

00923332136992
www.facebook.com/madrasatulqaaim

Ramadan
Kareem

# روزہ خود باطل کرے اور پھر کوئی شرعی عذر پیش آ جائے تو؟

آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق



اگر کوئی شخص جان بوجھ کر
اپنا روزہ باطل کرے اور پھر کوئی عذر
جیسے حیض، نفاس یا بیماری اس کیلئے پیش آئے
احتیاطِ مستحب ہے کہ کفّارہ دے
بالخصوص اگر کسی چیز سے جیسے دوا کے ذریعے
حیض یا کسی بیماری کو اپنے اندر ایجاد کرے۔

رمضان الکریم

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2070

https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4438

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


روزہ میں قرآن کی آیت غلط پڑھنے کا مسئلہ
سوال: اگر کوئی شخص قرآن کی آیت کی غلط تلاوت کرے
یا اہلِ بیت علیہم السّلام سے منسوب کسی روایت کو غلط پڑھے
جب کہ اُس کا ارادہ صحیح پڑھنے کا تھا
حالانکہ وہ یہ بھی جانتا تھا کہ وہ غلط پڑھتا ہے
لیکن اس کا ارادہ خدا یا آئمہ اہل بیت علیہم السّلام کی طرف
غلط نسبت دینے کا نہ ہو تو کیا اس کا روزہ باطل ہے؟
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
جواب: مذکورہ صورت میں
اس کا روزہ صحیح ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر 41۔ صفحہ 33)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# روزے کی نیّت میں اس کی تاریخ یا دن ذکر کرنا ضروری نہیں ہے

آیت اللہ سیستانی کے نزدیک

اگر کوئی شخص رمضان المبارک کے پہلے روزے کی نیّت کرے لیکن بعد میں معلوم ہو کہ یہ دوسرا یا تیسرا روزہ تھا تو اس کا روزہ صحیح ہے۔



توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1536

https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

www.facebook.com/madrasatulqaaim


روزہ میں
کُلّی کے دوران دانتوں پر
انگلیاں پھیریں تو!
سوال:
کیا روزہ دار کے لئے جائز ہے
کہ پانی سے کُلّی کرتے ہوئے دانتوں پر انگلیاں پھیرے؟
جواب
جب تک پانی حلق تک نہ پہنچے ایسا کرنا جائز ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔سوال نمبر14۔قرآن و عترت اکیڈمی۔صفحہ22)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


روزے میں
سگریٹ کا
استعمال
آیت اللہ سیستانی سے ایک استفتاء
سوال
کیا سگریٹ پینے سے روزہ باطل ہو جاتا ہے؟
جواب
جی ہاں، احتیاط واجب کی بناء پر
روزہ باطل ہو جاتا ہے۔
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
https://www.sistani.org/urdu/qa/01812/#25635
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# زمانۂ کفر اور زمانۂ ارتداد کے روزوں کی قضا




## آیت اللہ سیستانی کے نزدیک

اگر کوئی کافر مسلمان ہو جائے
تو اس پر زمانۂ کفر کے روزوں کی قضا واجب نہیں ہے
لیکن اگر ایک مسلمان کافر ہو جائے
اور پھر دوبارہ مسلمان ہو جائے تو ضروری ہے
کہ ایّامِ کُفر کے روزوں کی قضا بجالائے۔

توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1664
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ


سحری کرتے ہوئے فجر ہو جائے تو!
سوال: ایک شخص فجر کے وقت غفلت کے عالم میں
سحری کرتا رہا یہاں تک کہ فجر کا وقت گزر گیا
اور پھر اُس کو پتہ چلا کہ فجر ہو چکی ہے
تو اب اس کے اوپر کیا واجب ہے؟
جواب: ضروری ہے کہ اس دن کی قضا کرے
اور احتیاطِ واجب کی بناء پر مغرب تک
مبطلاتِ روزہ سے پرہیز کرے
ہاں، اگر اس کو سحری کرتے وقت
فجر طلوع ہو جانے کا یقین نہ ہو تو اس کا روزہ صحیح ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ سوال نمبر 3
قرآن و عترت اکیڈمی۔ صفحہ 18)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# سگریٹ پی کر ظہر سے پہلے وطن پہنچنے والے مسافر کا روزہ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم



سوال:
اگر کوئی ماہِ مبارکِ رمضان میں
ظہر سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے
اور اس نے سفر میں روزے کو
باطل کرنے والا کوئی کام نہ کیا ہو
صرف ایک سگریٹ پی ہو تو کیا اس دن کا روزہ اسے رکھنا چاہئیے؟



جواب: احتیاطِ واجب کی بناء پر
اُس دن کا روزہ رِجاءِ مطلوبیت کے قصد سے رکھے گا
اور اس کی قضا بھی کرے گا۔

(آستفتآتِ روزہ آیت اللہ سیستانی)

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ظہر سے پہلے
وطن پہنچنے والے کے روزے کا حکم
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
اگر مسافر ماہِ رمضان المبارک میں خواہ وہ فجر سے پہلے سفر میں ہو
یا روزے سے ہو
اور سفر کرے اور ظہر سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے
یا ایسی جگہ پہنچ جائے جہاں وہ دس دن قیام کرنا چاہتا ہو
اور اُس نے کوئی ایسا کام نہ کیا ہو جو روزے کو باطل کرتا ہو
تو ضروری ہے کہ اُس دن کا روزہ رکھے۔
اور اگر کوئی ایسا کام کیا ہو جو روزے کو باطل کرتا ہو
تو اُس دن کا روزہ اُس پر واجب نہیں ہے۔
(فتویٰ آیت اللہ سیستانی۔ مسافر کے روزوں کے احکام۔ توضیح المسائل)
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# ظُہر سے پہلے یا بعد میں سفر کرنے والے کے روزے کا حکم


اگر روزہ دار ظہر کے بعد سفر کرے تو ضروری ہے
کہ احتیاط کی بنا پر اپنے روزے کو تمام کرے
اور اگر ظہر سے پہلے سفر کرے اور رات سے ہی سفر کا ارادہ رکھتا ہو
تو اُس دن کا روزہ نہیں رکھ سکتا بلکہ اگر رات سے سفر کا ارادہ نہ ہو
تب بھی احتیاط کی بنا پر
اُس دن روزہ نہیں رکھ سکتا۔

لیکن ہر صورت میں حد تَرخُّص تک پہنچنے سے پہلے
ایسا کوئی کام نہیں کرنا چاہئیے جو روزہ کو باطل کرتا ہو
ورنہ اس پر کفارہ واجب ہو گا۔

(فتویٰ آیت اللہ سیستانی
مسافر کے روزوں کے احکام۔توضیح المسائل)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


ظہر کے بعد وطن پہنچنے والے کے روزے کا حکم
اگر مسافر ظہر کے بعد اپنے وطن پہنچے
یا ایسی جگہ
پہنچے جہاں دس دن قیام کرنا چاہتا ہو
تو وہ اُس دن کا روزہ نہیں رکھ سکتا۔
(فتویٰ آیت اللہ سیستانی۔ مسافر کے روزوں کے احکام۔ توضیح المسائل)
PIA
AP-BCB
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


# کثیر السّفر کا نماز و روزہ

آیت اللہ سیستانی سے ایک استفتاء

سوال: اس شخص کے روزے کا کیا حکم ہے جو ایسے شہر میں کام کرتا ہے جو اس کے یہاں سے 30 کیلو میٹر ہے اور وہ روزانہ آمد و رفت کرتا ہے؟

جواب: ایسا انسان کثیر السفر ہے اور تمام سفر میں اس کا روزہ صحیح ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812/#25635



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

00923332136992

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# کفّارۂ تاخیر

سوال

جس شخص کو روزے کی قضا کی تاخیر کا کفّارہ دیا جارہا ہے
کیا اُس کو بتانا ضروری ہے کہ یہ کفّارہ ہے؟



## جواب: واجب نہیں ہے۔

(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی۔سوال نمبر105۔صفحہ56)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

## کفّاروں کے روزوں کے درمیان
## عذرِ شرعی لاحق ہو جائے تو؟



آیت اللہ
سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

اگر ان دنوں کے درمیان
جن میں مسلسل روزے رکھنے ضروری ہیں
(جیسے کفارے کے روزے) اور روزہ دار کو کوئی عذر پیش آجائے
مثلاً حیض یا نفاس یا ایسا سفر جسے اختیار کرنے پر وہ مجبور ہو،
تو عذر کے دُور ہونے کے بعد ان روزوں کا
از سرِ نو رکھنا اس کے لئے واجب نہیں
بلکہ وہ عذر دور ہونے کے بعد باقی ماندہ روزے رکھے۔


توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1634
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644
www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
00923332136992

# کفّاروں میں ساٹھ کا عدد مکمل کرنے کیلئے کیا نابالغ بچوں کو شمار کیا جا سکتا ہے؟

## آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

جس شخص کے لیے ایک دن روزے کے کفّارے میں ساٹھ فقیروں کو کھانا کھلانا لازم ہے اگر ساٹھ فقیر نہ مل سکیں تو ساٹھ فقیر کے بدلے ساٹھ سے کم فقیر کو زیادہ کھانا دینے پر اکتفا نہیں کر سکتا کہ مجموعی طور پر ساٹھ ہو جائے مثلاً جائز نہیں ہے کہ تیس افراد میں سے ہر ایک کو دو مُد طعام دے اور اس پر اکتفا کرے لیکن فقیر کے اہل و عیال میں سے ہر ایک کیلئے اگرچہ نا بالغ ہوں (ایک مُد اس فقیر کو دے سکتا ہے اور فقیر بھی اپنے اہل و عیال کی وکالت یا ولایت میں اگر نا بالغ ہوں) لے سکتا ہے۔



توضیح المسائل جامع مسئلہ 2059

https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4438

www.facebook.com/madrasatulqaaim

00923332136992

# کفّاروں میں ساٹھ کا عدد مکمل کرنے سے معزور ہو تو کیا کرے؟



آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق


اگر ساٹھ فقیروں کو تلاش نہیں کر سکتا
مثلاً اگر صرف تیس افراد ہوں
تو ان میں سے ہر ایک کو دو مُد طعام دے سکتا ہے
اور احتیاطِ واجب کی بنا پر جب بھی آئندہ
مزید تیس فقیر مِل جائیں تو انہیں ایک مُد طعام دے۔

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2059
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4438

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کفّارے سے بچنے کے لئے سفر کرنے کا فقہی حکم



آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق


جس شخص نے جان بوجھ کر اپنا روزہ باطل کر دیا ہے
اگر اذانِ ظہر کے بعد سفر کرے یا ظہر سے پہلے
کفّارے سے فرار کے لیے سفر کرے
کفّارہ اس سے ساقط نہیں ہو گا بلکہ اگر اذان ظہر سے پہلے
اس کیلئے کوئی سفر بھی پیش آجائے
پھر بھی اس پر کفّارہ واجب ہے۔

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2069

https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4438

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# کفّارے کے روزے
# اپنی غلطی کی وجہ سے
# پے در پے نہ رکھیں جائیں تو کیا ہو گا؟

## آیت اللہ سیستانی کے فتویٰ کے مطابق

اگر ان روزوں کے درمیان جنہیں پے در پے رکھنا لازم ہے کوئی عذر
جیسے بیماری حیض یا نفاس یا ایسا سفر پیش آئے جو کرنے پر مجبور ہے
تو عذر کے برطرف ہونے کے بعد روزوں کو دوبارہ شروع کرنا لازم نہیں ہے
بلکہ عذر برطرف ہونے کے بغیر فاصلہ کے بقیہ روزے بجالائے،
لیکن اگر انسان اپنے اختیار سے خود کے لئے عذر فراہم کرے
مثلاً وہ عورت جس نے جان بوجھ کر دوا کے ذریعے خود کو حائض کیا ہے
لازم ہے کہ دوبارہ روزوں کو پھر سے شروع کرے۔

توضیح المسائل جامع مسئلہ 2058

https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4438

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



# کفّارے میں رقم دیں یا غذا؟

سوال: ایک شخص نے ماہِ رمضان میں دو روزے توڑے
اور چاہتا ہے کہ بطور کفّارہ کھانا ادا کرے
تو کفّارے کی ادائیگی کے لئے
کھانے کے عوض کتنی رقم اس پر واجب الادا ہے؟

جواب: قیمت کا بطور کفّارہ ادا کرنا کافی نہیں ہوگا
بلکہ ضروری ہے کہ ہر دن کے لئے
60 فقراء کو 750 گرام کھانا ہی ادا کرے
یہ کھانا گیہوں، آٹا، روٹی، کھجور
یا انہی جیسی غذاؤں کی صورت میں ہوسکتا ہے۔



MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 112۔ صفحہ 59)

www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کیا رمضان کی رات
# احتلام ہونے کے بعد جاگے اور پھر سو جائے تو؟


**سوال:** اگر کوئی ماہِ مبارک رمضان کی شب میں نیند میں احتلام ہونے کے بعد جاگنے کے بعد دوبارہ سو جائے، بغیر یہ جانے کہ صبح ہو گئی ہے یا نہیں تو کیا حکم ہے؟

**جواب:** اگر یہ یقین تھا کہ اگر دوبارہ سوئے گا تو صبح کی نماز سے پہلے اٹھ جائے گا اور یہ بھی ارادہ تھا کہ اٹھنے کے بعد غسل کرے گا تو اگر سونے کے بعد بیدار نہ ہو سکے تو اس کا روزہ صحیح ہے اور اگر اطمینان نہیں تھا کہ پتہ نہیں اٹھ سکے گا یا نہیں تو اس دن امساک کرے گا ( یعنی روزہ توڑنے والی چیزوں سے خود کو بچائے )

اور بعد میں اس پر ایک دن کی قضاء واجب ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812





# کیا رمضان میں سحری کھانا ضروری ہے؟

**سوال:** ماہ مبارک رمضان میں
سحری نہ کھانے کا کیا حکم ہے؟
اور کیا سحری کھانا مستحب ہے؟

**جواب:** ممکن ہے کہ سحری نہ کھانا
کمزوری کا سبب ہو جائے
اس لیے سحری کھانا بہتر ہے۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01812

00923332136992 www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کیا کفّارہ فوری دینا ضروری ہے؟



آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
ضروری ہے کہ انسان
روزہ کا کفّارہ دینے میں کوتاہی نہ کرے
لیکن فوری طور پر دینا بھی ضروری نہیں۔


(توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی۔ مسئلہ 1653)

www.facebook.com/madrasatulqaaim




www.facebook.com/madrasatulqaaim

# کیا ماہِ رمضان میں جان بوجھ کر سفر کرنا مکروہ ہے؟



آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
ماہِ رمضان میں سفر کرنا کوئی حرج نہیں ہے
لیکن روزے سے فرار کے لیے سفر کرنا مکروہ ہے
خواہ تیئسویں ماہِ رمضان گزرنے سے پہلے ہو
یا اس کے بعد ہو۔
اور اسی طرح مجموعی طور پر ماہ رمضان میں
سفر کرنا کراہت رکھتا ہے مگر یہ کہ حج یا عمرہ
یا کسی ضرورت کیلئے ہو تو مکروہ نہیں ہے۔

توضیح المسائل جامع آیت اللہ سیستانی مسئلہ 2099
https://www.sistani.org/urdu/book/26352/4445

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim



گرد و غبار میں
روزہ دار کیا کرے؟
سوال: اگر روزہ دار کے لئے
اپنی فیکٹری میں یہ ممکن نہ ہو
کہ وہ غلیظ غبار کو اپنے حلق تک پہنچنے سے روکے
یا اس کے لئے بہت حرج ہو تو وہ کیا کرے؟
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
جواب: اگر اُس کے لئے اپنے آپ کو
غلیظ غبار سے بچانا بہت دشوار ہو
تو اس صورت میں اُس کے روزے پر کوئی فرق نہیں پڑتا
لیکن اگر دشوار نہ ہو تو
احتیاطِ واجب کی بناء پر اُس کا روزہ باطل ہے
لیکن اس پر کوئی کفّارہ نہیں ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 43۔ صفحہ 33)
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# لمبی بیماری میں حائض عورت کے فدیہ کا مسئلہ



سوال: اگر عورت کی بیماری
اگلے سال تک لمبی ہو جائے
تو کیا اس پر ماہِ رمضان کے
ان ایام کا فدیہ بھی واجب ہے
جو حیض کے ایام تھے؟



**جواب: واجب نہیں ہے۔**

(کتاب: مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی
سوال نمبر 67۔ صفحہ 42)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim


سوال: اگر ایک شخص جاہل ہونے کی بناء پر
ایک ایسی چیز سے اپنا روزہ باطل کر دے
جس سے کفّارہ واجب ہو جاتا ہے
تو کیا اُس پر قضا کے ساتھ کفّارہ بھی واجب ہے؟
جواب:
اُس پر کفّارہ واجب نہیں ہے
لیکن اگر وہ اس شے کے مبطلاتِ روزہ میں ہونے کے بارے میں
تردّد کا شکار تھا تو احتیاطِ واجب کی بناء پر کفّارہ واجب ہے۔
(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات۔ قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 106۔ صفحہ 57)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مرحوم کے زمانۂ بیماری
# اور مرحومہ کے زمانۂ حیض و نفاس کے
# روزوں کی قضا کا ایک خاص مسئلہ

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم

00923332136992

آیت اللہ سیستانی کے نزدیک
اگر کوئی بیماری یا حیض یا نفاس کی وجہ سے
رمضان المبارک کے روزے نہ رکھے
اور اس مدت کے گزرنے سے پہلے
کہ جس میں وہ ان روزوں کی
جو اس نے نہیں رکھے تھے قضا کرسکتا ہو مر جائے
تو ان روزوں کی قضا نہیں ہے۔



www.facebook.com/madrasatulqaaim

توضیح المسائل آیت اللہ سیستانی مسئلہ 1671
https://www.sistani.org/urdu/book/61/3644


مریض پر روزہ کب معاف ہوتا ہے؟
ایسے مریض کے لئے ماہِ رمضان میں روزہ رکھنا
جس کے لئے روزہ رکھنا نقصان دہ ہو
اس طرح کہ یا تو روزہ اس کے مرض کی شدّت کا باعث بنے گا
یا اُس کے صحت یاب ہونے میں تاخیر کا باعث بنے گا
یا اس کے درد و اَلم میں شدّت کا سبب بنے گا
اور یہ تمام چیزیں ایک قابلِ اعتناء مقدار کی حد تک ہوں
اس طرح کی عام طور پر انہیں برداشت نہ کیا جاسکتا ہو
چاہے مریض کو اس ضرر کا یقین ہو یا اس ضرر کے متعلق ایسا گمان
اور احتمال ہو جو ایسے خوف کا سبب بنے جس کا منشا (سبب) عقلائی ہو
تو ایسے شخص پر روزہ رکھنا واجب نہیں۔
الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة
وفقاً لفتاوى سماحة
آية االله العظمى السيد علي السيستاني ( دام ظله)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
www.facebook.com/madrasatulqaaim


مسافر
طالب علموں کا
روزہ
سوال: وہ اسٹوڈینٹ جو گھر سے شرعی مسافت
(چوالیس کیلومیٹر) سے زیادہ دور پڑھنے جاتے ہیں، اُن کا کیا حکم ہے؟
جواب: اگر معمولاً یہ سفر مہینے میں دس دن ہوتے ہوں
اور چھ مہینے تک ایسے ہی سفر کرتے رہیں
تو اُن کی نماز اور روزے ہر سفر میں کامل ہیں۔
(استفتاآتِ روزہ آیت اللہ سیستانی
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مسافر ظہر سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے اور فقط سگریٹ پی چکا ہو؟



آیت اللہ سیستانی سے ایک استفتاء




سوال: اگر کوئی ماہِ مبارک رمضان میں
ظہر سے پہلے اپنے وطن پہنچ جائے
اور اس نے سفر میں روزے کو باطل کرنے والا
کوئی کام نہ کیا ہو، صرف ایک سگریٹ پی ہو
تو اس دن کا روزہ اسے رکھنا چاہیئے؟

جواب: احتیاط واجب کی بناء پر اس دن کا روزہ
رجاءِ مطلوبیت کے قصد سے رکھے گا
اور اس کی قضا بھی کرے گا۔

https://www.sistani.org/urdu/qa/01877

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim


جاہلِ مسئلہ مسافر کے روزے کا حکم
کوئی شخص جسے یہ علم نہ ہو
کہ مسافر کا روزہ رکھنا باطل ہے
اگر سفر میں روزہ رکھ لے
اور دن ہی دن میں اُسے حکمِ فقہی معلوم ہو جائے
تو اُس کا روزہ باطل ہے
لیکن اگر مغرب تک حکم معلوم نہ ہو تو اُس کا روزہ صحیح ہے۔
(فتویٰ آیت اللہ سیستانی۔ مسافر کے روزوں کے احکام۔ توضیح المسائل)
MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim



# مستحب روزہ رکھ کر سفر اور وطن واپسی



**سوال**: اگر کوئی شخص صبح کو روزہ رکھ کر سفر پر جائے
اور زوال کے بعد وطن واپس آئے جبکہ اس نے
اس دوران کوئی منافی روزہ کام نہ کیا ہو تو
کیا روزہ کی دوبارہ نیّت کر لی جائے تو مستحب روزہ صحیح ہے؟

---

**جواب**: آیت اللہ خوئی، آیت اللہ سیستانی، آیت اللہ اسحاق فیاض
اور آیت اللہ سعید الحکیم کے فتویٰ میں روزہ صحیح ہے
البتہ آیت اللہ وحید خراسانی کے نزدیک صحیح نہیں ہے۔

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)


# مسلسل بیماری میں قضا روزے کا حکم

**سوال:** گذشتہ ماہِ رمضان میں، میں بیماری کی وجہ سے روزے نہیں رکھ پایا تھا۔
پھر پورا سال گزر گیا لیکن میں نے روزوں کی قضا نہیں کی
اِس لئے کہ میں نہیں جانتا تھا
کہ میرے لئے قضا کرنا ممکن ہے یا نہیں اب میرا کیا وظیفہ ہے؟

---




**جواب:** اگر آپ نے ضرر کے خوف کی وجہ سے قضا نہیں کی
تو آپ پر کوئی ذمّہ داری نہیں ہے۔
اگر آپ کو بعد میں علم ہو جائے کہ میرے لئے قضا کرنا ممکن تھا
تو آپ پر قضا واجب ہے۔
شک کی صورت میں کوئی چیز واجب نہیں ہے۔



(مجتہد سے پوچھے گئے سوالات
قرآن و عترت اکیڈمی۔ سوال نمبر 76۔ صفحہ 47)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائم
www.facebook.com/madrasatulqaaim

# مسئلے سے لاعلم شخص کا سفر میں روزہ رکھنا






ماہ رمضان میں جو شخص نہ جانتا ہو
کہ سفر میں روزہ قصر ہوتا ہے
اور وہ سفر میں روزہ رکھ لے
اور اسے دن گزرنے کے بعد
مسئلہ کا علم ہو تو اس کا روزہ صحیح ہے۔

الجداول الفقهية للمسائل المنتخبة وفقاً لفتاوى سماحة
آية االله العظمى السيد علي السيستاني( دام ظله)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسة القائم

www.facebook.com/madrasatulqaaim

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسة القائم

# ممیّز (سمجھدار) بچّے کی دعوت افطار پرمستحب روزہ کھولنے کا حکم

**سوال:** کسی نے مستحب روزہ رکھا ہو
اور نابالغ لیکن ممیّز (سمجھدار) بچّہ روزہ کھولنے کی
دعوت دے تو کیا مستحب ہے
کہ اسکی دعوت قبول کر کے روزہ افطار کر لیا جائے؟

.................................

**جواب:** آیت اللہ سیستانی اور آیت اللہ اسحاق فیاض کے فتویٰ میں یہ مستحب نہیں ہے
آیت اللہ وحید خراسانی کے نزدیک مستحب ہے کہ افطار کر لیا جائے۔

.................................

**السؤال:**
هل يستحب تلبية الدعوة من الصبي الذي لم يبلغ الحلم للإفطار في الصوم المستحب؟

.................................

السيّد علي السيستاني-ج: كلا - استفتاء-

.................................

الشيخ محمد إسحاق الفيّاض-ج: كلا - استفتاء-

.................................

الشيخ حسين وحيد الخراساني:
ج: إذا كان الطفل مميزاً يستحب تلبية دعوته-استفتاء

www.facebook.com/madrasatulqaaim

رمضان کریم